# PRESS RELEASE

For immediate release

June 30, 2020

**پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر حملہ؛چیئر مین ایس ای سی پی عامر خان کی سٹاک ایکسچینج آمد، ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی**

اسلام آباد(جون30) پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر دہشت گردوں کے حملہ کے اگلے روز،چیئر مین سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان، عامر خان نے سٹاک ایکسچینج پہنچے اور سٹاک ایکسچینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کے ساتھ اہم اجلاس میں شرکت کی۔ اس اجلاس میں ایس ای سی پی پالیسی بورڈ کے چیئر مین مسعود نقوی اور کمشنر سکیورٹیز مارکیٹ شوذب علی بھی موجود تھے۔

اجلاس کے آغاز میں حملے میں شہادت پانے والے سکیورٹی اور پولیس کے اہلکاروں کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ چیئر مین ایس ای سی پی،چیئر مین پالیسی بورڈ اور کمشنر سکیورٹیز مارکیٹ نے قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا۔ اس موقع پر عامر خان نے بہادر سکورٹی اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنی جان دے کر دہشت گردوں کو قومی اہمیت کی عمارت کے اندر داخل ہونے سے روکا اور ملک کو بڑے حادثہ سے بچایا۔ انہوں نے بروقت کارروائی پر سندھ رینجرز، پولیس اور دیگر لاء انفورسمنٹ ایجنسیوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اسٹاک ایکسچینج کے بورڈ اراکین، جن میں چائنیز ممبران بھی شامل تھے، سے بات کرتے ہوئے انہوں نے حکومت اور ایس ای سی پی کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام شراکت داروں کے ساتھ مل کر کیپیٹل مارکیٹ کو وسعت اور بڑھوتی کے لئے اصلاحات جاری رکھیں گے۔ عامر خان نے کہا کہ اس قسم کی دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں ریگولیٹر کو اصلاحاتی منصوبوں میں تعطل نہیں دال سکتیں۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئر مین ایس ای سی پی نے سٹاک ایکسچینج انتظامیہ کو ایکسچینج کی ٹریڈ نگ ٹیکنالوجی کو اپ گریڈ کریں، ہائی ٹیک سسٹم سولیش لگائیں تاکہ کسی بھی صورتحال میں سٹاک مارکیٹ کی ٹریڈنگ کو فاصلے سے بھی کامیابی کے ساتھ چلایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی ملک کی کیپیٹل مارکیٹ کے فروغ اور تمام چیلنجز سے نمٹنے کے لئے تیار ہے۔